© rasailojaraid.com

سفرسے ذہن اور مغرب کے تہذیبی سامراج سے آزاد اسلامی فکر سے بہرہ مند ہیں۔ عورت اور پردے کے موضوع پر انھوں نے پہلے بھی لکھا ہے اور ان دنوں جو نئی بحثیں چھڑی ہوئی ہیں اُن کو سامنے رکھ کر تازہ مختصر کتاب حجابِ نسواں مرتب کی ہے۔ ان کا اندازِ تحریر مؤثر ہوتا ہے۔ اُمید ہے کہ اس کتاب کو مقبولیت حاصل ہوگی اور اسے نہ صرف اسلام سے گہری وابستگی رکھنے والی خواتین پڑھیں گی، بلکہ معاشرے کا فعال عنصر اسے جدید خواتین تک بھی پہنچا سکے گا۔

---

**UNITE THE NECKTIE** مؤلف: استاذ مظہر ادیب۔ ناشر: مکتبۃ السفیر، اُردو بازار لاہور۲ قیمت: ۴/- روپے

اس پمفلٹ میں مؤلف نے انگریزی اخبارات کے لیے لکھے ہوئے (اور شائع شدہ) خطوط کا ایک انتخاب جمع کیا ہے۔ زیادہ تر ان خطوط کا تعلق معاشرتی احوال سے ہے۔ یہ گویا چھوٹے چھوٹے دلچسپ نوٹ ہیں۔ کاش کہ طباعتی معیار ذرا بہتر ہوتا۔

---

**انقلابِ ایران اور اس کی اسلامیت** از مولانا عتیق الرحمٰن سنبھلی۔ ناشر: ملک سنز، کارخانہ بازار، فیصل آباد

صفحات: ۸۰ قیمت: ۹/- روپے

فروری ۱۹۷۹ء کے انقلابِ ایران کا تیسرا سال نفاذ فروری ۱۹۸۲ء کہ مؤلف کو ایران کا بچشمِ خود مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ اپنے سفرِ ایران کا حال موصوف نے افادۂ عام کے لیے قلم بند کیا۔ یہ طریقِ مطالعہ مناسب و متوازن ہے کہ سنبھلی صاحب نے انقلابِ ایران کے جو خوشگوار پہلو دیکھے وہ بھی دلی اعتراف کے ساتھ پیش کر دیئے اور جن چیزوں کو ناخوشگوار پایا ان کا تذکرہ بھی کر دیا۔ انقلابِ ایران سے جن بھی اصحاب کو موافقانہ یا مخالفانہ لحاظ سے دلچسپی ہو ان کو اس سفرنامے کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

---

© rasailojaraid.com